
# لگائی کا نخرہ

از حضرت اظہر بارہ ساداتی

اللہ بچائے تو بچیں حضرت انسان
نخرہ سے لگائی کے الامان ہے الامان

## رنڈی بازوں کا چوپڑ




نوجوانو اس عذاب و آفت سے بچو

باہتمام منشی رگھبیر سنگھ مالک و ایڈیٹر اخبار پبلک نیوز میرٹھ

در مطبع پرم آنند پریس میرٹھ انطباع گردید

# بیڈھنگی شاعری کا نیا فیشن

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اک شخص ہوا آ کے کل گویا یہ مجھسے
اے حضرت اظہر ہوا برباد میں اس سے

کیا شادی ہے بربادی کبھی تم نے سنی ہے
نخرے سے لگائی کے مری جان پہ بنی ہے

ہیں ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجیے ہدایت
اللہ بچائے تو بچیں حضرت انسان

میں نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کے الاماں ہے الاماں

پھر کہنے لگا اپنے تحیر سے وہ کل بات
چاہتا ہوں کہوں جوڑ کے دو ہاتھ کوئی بات

سنتی نہیں یہ دل لے مری بات کبھی ہیہات
نٹ کھٹ ہے یہ دینے لگے صد ہا مجھے صلوات

ہیں ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجیے ہدایت
اللہ بچائے تو بچیں حضرت انسان

میں نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کے الاماں ہے الاماں

پھر کہنے لگا بنت ہے کرتی ہے جبر تر
میں ہاتھ نہ اٹھاؤں تو یہ مارے ہے دو ہتڑ

بولوں میں اگر منہ سے تو دے گالیاں ستر
کئی روز ہوئے سر میں مرے مارا ہے پتھر

ہیں ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجیے ہدایت
اللہ بچائے تو بچیں حضرت انسان

میں نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کے الاماں ہے الاماں

پھر کہنے لگا شکوں سے منہ موڑ لیں بچے
میں یہ چاہتا ہوں خیر ہے کیوں روتے ہیں بچے

راتوں کو بھی جگتے ہیں نہیں سوتے ہیں بچے
کہنے پہ مرے کہتی ہے کیوں ہوتے ہیں بچے

ہیں ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجیے ہدایت
اللہ بچائے تو بچیں حضرت انسان

میں نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کے الاماں ہے الاماں

پھر کہنے لگا کہتا ہوں گر بچوں کو پیار دے
کہتی ہے بڑے شور سے مت دل کو دکھا دے

کہتا ہون اگر اُٹھ کے ذرا کہانا پکاؤ
کہتی ہی ارے بیٹھ رہو سے نہین ناچ ہی لاؤ

ہین ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجے ہدایت
اللہ بچاوے تو بچین حضرت انسان
مین نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کہ الامان ہی الامان

مین ہنستا ہون یہ کہتی ہی مت دانت نکالے
کیون تو نے اپنے کہوے کے سے ہاتھ نکالے
بیہودہ کوئی منہ سے نہ مت بات نکالے
ہو دور موے گہر سے ابے شیطان کے سالے

ہین ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجے ہدایت
اللہ بچاوے تو بچین حضرت انسان
مین نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کہ الامان ہی الامان

پہر کہنے لگا رات کو ہمسایہ سے لڑ کر
مین نے کہا مت جاؤ چلی آؤ ادہر کر
ہوتے ہی صبح مان کے چلی ڈولی مین چڑہ کر
غصہ سے کہا دور موے مت کرے ٹر ٹر

ہین ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجے ہدایت
اللہ بچاوے تو بچین حضرت انسان
مین نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کہ الامان ہی الامان

پہر کہنے لگا سنتے نہین میری ہو اٹھ کر
بیمار ہون آزار تپ دق کا ہے اکثر
نخرے سے لگائی کہ مرا حال ہے ابتر
نخرا ہی گرا بس کا رہا بازون کا مین مر

ہین ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجے ہدایت
اللہ بچاوے تو بچین حضرت انسان
مین نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کہ الامان ہی الامان

افسوس کہا پہر کہنے لگا رنج و محن مین
اب آن پہنسا ہاے مین صیاد کے زن مین
آ تو کی طرح پہنس گیا مین دام ذقن مین
کیا چھوڑے گی مر جاؤن گا دو چار ہی دن مین

ہین ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجے ہدایت
اللہ بچاوے تو بچین حضرت انسان
مین نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کہ الامان ہی الامان

عورت بھی کوئی مرد سے یون کرتی ہی باتین
ہر بات مین نخرہ ہو اور ہر بات مین داشتین
ان باتون سے جل جاتی ہین مرد کی آنتین
جب جائین کبہی پاس تو یہ مارے ہی لاتین

ہین ساتھ یہ بی بی بہر خدا کیجے ہدایت
اللہ بچاوے تو بچین حضرت انسان
مین نے کہا خاموش ہو سن لیجیے حضرت
نخرے سے لگائی کہ الامان ہی الامان

بولا وہ بہلا ذہن مین آتی ہی ستارے
سم کہائے نہ گہر جائے میان خوف کے مارے
عورت بہی کسی خصم کو بہڑوا کہ پکارے
جورو تو ہے کمبخت کہین لات نہ مارے

ہین ساتھ یہ بی بہر خدا کیجے ہدایت
ہین نے کہا خاموش ہو سن کیجے حضرت
اللہ بچای تو بچین حضرت انسان
نخرے سے لگائی کی الامان ہی الامان

ماں باپ الگ ہو گئے پہنے ہین پہنا کر
گھر لے گئے جورو کے ہمین دولہا بنا کر
خسرال ہین عورات نے بہی گہر مین بلا کر
مارا ہمین آئینہ مین منہ اپنا دکہا کر

ہین ساتھ یہ بی بہر خدا کیجے ہدایت
ہین نے کہا خاموش ہو سن لیجے حضرت
اللہ بچای تو بچین حضرت انسان
نخرے سے لگائی کی الامان ہی الامان

حیران ہے اظہر بہی عجب چیز ہے لگائی
ماں باپ بہائی سے چھڑا دیتی لگائی
طاعت مین تو عزت کو بڑہا دیتی لگائی
ڈانٹو تو گدہے پر بہی چڑہا دے ہے لگائی

اللہ بچای تو بچین حضرت انسان
نخرے سے لگائی کے الامان ہی الامان

تم سن لو کہ یہ جو جو بیان ہمنے کیے ہین
کچھ اسپہ مقرر نہین یہ سب کیلئے ہین
جو نخرون کے مارے ہین وہ کیا خاک جیے ہین
جو جیتے ہین وہ خون جگر اپنا پیے ہین

اللہ بچائے تو بچین حضرت انسان
نخرے سے لگائی کی الامان ہی الامان

کہتے ہین بہت لوگ کہ ہے پیر لگائی
جو کچھ ہے ہماری سو ہے تقدیر لگائی
یہ قند ہی یہ شہد ہے ہے شیر لگائی
ہر وقت اسے چاہیے ہے کہیر لگائی

اللہ بچای تو بچین حضرت انسان
نخرے سے لگائی کے الامان ہی الامان

نخرون سے لگائی کے جنہین پڑ گیا پالا
سچ جانو کہ منہ دنیا مین ان کا ہوا کالا
انسان نہین ہیں دم وہ گدھا بن گیا سالا
نخرون سے لگائی کے جنہین پڑ گیا پالا

اللہ بچای تو بچین حضرت انسان
نخرے سے لگائی کی الامان ہی الامان

پھر کہنے لگا ان یہ لگائی ہے چٹوری
جب بکتی ہو کوئی چیز تو لے پہلے کٹوری
ادہر کچہری ہی کہاتی ہو دلیری سی بزوری
کہتے ہین سبہی مجھ سے تری خوب ہے گوری

ہین ساتھ یہ بی بہر خدا کیجے ہدایت
ہین نے کہا خاموش ہو سن لیجے حضرت
اللہ بچای تو بچین حضرت انسان
نخرے سے لگائی کی الامان ہی الامان

پھر کہنے لگا چیز جو لاتا ہوں میں [illegible]
کہا لیتی ہے تو اس کو بہی بچون سے چہپا کر

میں کہتا ہوں تو کہتی ہے یہ انگلی نچا کر | بندر کی طرح گھورتے ہو کیوں ہیکی دکھا کر

ہیں ساتھ یہ بی بی پھر خدا کیجے ہدایت | میں نے کہا خاموش ہو سن لیجے حضرت
الله بچائے تو ہمیں حضرت انسان | نخرے لیے اگائی کے الامان ہو الامان

پھر کہنے لگا اس میں ہے یہ ایک اور بھی عادت | اک روز نہ گھر آؤں تو کر دیتی ہے آفت
اور دوسرے کرتی ہے امانت میں خیانت | اس بے حیا عورت پہ ہے شیطان کی لعنت

ہیں ساتھ یہ بی بی پھر خدا کیجے ہدایت | مینے کہا خاموش ہو سن لیجے حضرت
الله بچائے تو ہمیں حضرت انسان | نخرے لیے اگائی کی الامان ہو الامان

پھر کہنے لگا نازوں کے اب سینئے تماشے | کھانے کیلئے ریوڑیاں مانگے ہے بتاشے
ہر وقت میں کرتا ہوں یہ فریاد خدا سے | الله بچا مجھکو تو اب ایسی بلا سے

ہیں ساتھ یہ بی بی پھر خدا کیجے ہدایت | میں نے کہا خاموش ہو سن لیجے حضرت
الله بچائے تو ہمیں حضرت انسان | نخرے لیے اگائی کی الامان ہو الامان

عورت جو ہوئی تنگ تو بولی یہ شکایت | اظہر میاں اب سن چکے کل اسکی حکایت
کہنے کو بہت قصہ ہے پر زور نہایت | ہر کار یہ شوہر ہے میرا نام کفایت

سمجھائیے اس بڈھے کو اور کیجے ہدایت | میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا | سمجھاؤں نہیں کیا گیدی کو ہے الو کا پٹھا

کہنے لگی بازار کو جب جاتا ہے بھڑوا | لے لیکے قرض چیزیں وہاں کھاتا ہے بھڑوا
دن بھر تو نہیں رات کو آتا ہے یہ بھڑوا | آتا ہے تو ہر بات پہ چلاتا ہے بھڑوا

سمجھائیے اس بڈھے کو اور کیجے ہدایت | مینے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا | سمجھاؤں نہیں کیا گیدی کو ہے الو کا پٹھا

عورت نے کہا کل ہی تو تھا میں بھات پکایا | چوکے کے تئیں بیٹھ گیا کھانے کو کھایا
وہ لقمے اوٹھاتا تھا کہ تو چولے میں آیا | اک آن میں بس کر دیا دیگی کا صفایا

سمجھائیے اس بڈھے کو اور کیجے ہدایت | میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت

عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
سمجھاؤ نہیں کیا گیدی کو ہے الو کا پٹھا

کہا بہات میاں آئے منڈی میں تو یہ بولے
میں نے کہا بچوں کو تو باہر سے بلا لے
اے جان دو ٹکے لے ہاں تو بھی ٹولی کھالو
بولا کہ تو بچوں کے لیے اور پکا لے

سمجھایئے اس مُڈہ کو اور کیجے ہدایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
سمجھاؤ نہیں کیا گیدی کو ہے الو کا پٹھا

کہا بہات گیا سارا نہ بچے دو بھی نوالے
اس نا کے خصم کو تو خدا جلد بلا لے
پھر مانگا تو یہ میں نے کہا مجکو بھی کھالے
یا گھر سے مجھے اسکے خدا جلد نکالے

سمجھایئے اس مُڈہ کو اور کیجے ہدایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
سمجھاؤ نہیں کیا گیدی کو ہے الو کا پٹھا

کہاتا ہے نہ یہ پان تمباکو ہی نہ چھالی
میں کہتی ہوں دیتا ہے تو بھڑوا مجھے گالی
آجائے کوئی گھر پہ مرے ساس یا سالی
کیا جان خدا نے مری آفت میں یہ ڈالی

سمجھایئے اس مُڈہ کو اور کیجے ہدایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
سمجھاؤ نہیں کیا گیدی کو ہے الو کا پٹھا

پھر کہنے لگی چین سے ہوں اللہ میں چھوٹی
میں کیا کہوں جب بیٹھتا ہے کھانے کو روٹی
نت کہٹ کے پکڑ کان نکالوں نہ لنگوٹی
کہتا ہے آسے ہوتی ہے موٹی سے جو موٹی

سمجھایئے اس مُڈہ کو اور کیجے ہدایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
سمجھاؤ نہیں کیا گیدی کو ہے الو کا پٹھا

دمڑی کا مصالحہ کبھی لاکرتا ہے لیجو
بے شرم ہے یہ آج خبر اسکی یہاں لیجو
لایا ہوں بہت جھگڑے لیے دس روز کو جو
چیزیں ذرا منہ میں تم اس بھڑ کے دیجو

سمجھایئے اس مُڈہ کو اور کیجے ہدایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
سمجھاؤ نہیں کیا گیدی کو ہے الو کا پٹھا

جو دیکھتا ہے اس کو نہیں لگتا ہے اچھا
سینے پہ ہر وقت چڑھا رہتا ہے لچا
ظاہر میں جوان ہے وہ لے ہر بچوں کا بچا
لوڈی میں لے پھرتی ہوں جیسے کوئی زچا

سمجھا ہے اس مذہ کو اور کیجے ہدایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
سمجھاؤ نہیں کیا گیدیکو ہے الو کا پٹھا

آیا ہے یہاں بنکے بہت چھیل چھبیلا
سر پر مرے دیکھو تو ہٹی ہے کی اوڑھنیا
کیا شکل ہے واللہ کہو بہنوں کیسا
اور پیوند لگا دو سو کی پہنے ہوں ستھنیا

سمجھا ہے اس مذہ کو اور کیجے ہدایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
سمجھاؤ نہیں کیا گیدیکو ہے الو کا پٹھا

اظہر نہ کبھی ایسے متوے کے میں رہونگی
اک لحظہ کی مہمان ہوں زہر کھا کے مرونگی
ہر روز کے فاقے میں بھلا کیسے سہونگی
نخرا یہ بگھارے ہے خصم اور کروں گی

سمجھا ہے اس مذہ کو اور کیجے ہدایت
عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
میں نے کہا اللہ کی ہدایت ہے کفایت
سمجھاؤ ن میں کیا گیدیکو ہے الو کا پٹھا

اے دوستو اظہر نے لکھے کیوں یہ اشعار
نخریلے لگائی کے سبق سیکھلو کچھ یار
فہمیدہ اگر آپ ہیں اور خوب ہیں ہشیار
بیزار نہ ہو مرد سے عورت کبھی زنہار

عورت تو بڑی چیز ہے کچھ ہے نہیں ٹھٹھا
عزت کرو ورنہ تو بنو الو کے پٹھا

تمت

# حیرت انگیز انکشاف

## ایک عالی دماغ ہندوستانی کا بیس سالہ تجربہ

# روح منڈی

اور

# اسکے نادر خواص

اگر آپ چاہتے ہیں کہ بوڑھے سے جوان بنیں تو روح منڈی استعمال کیجیے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ جوان سے پہلوان بنیں تو روح منڈی استعمال کیجیے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ بچپن کی غلط کاریوں سے نجات حاصل ہو تو روح منڈی استعمال کیجیے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ ضعف باہ ضعف دماغ و معدہ و ریح درد کمر دور ہو تو روح منڈی استعمال کیجیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ نامردی۔ جریان سستی دور ہو تو روح منڈی استعمال کیجیے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ دل و دماغ کی کمزوری چہرہ کی زردی دور ہو کر سرخی پیدا ہو تو روح منڈی

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکی گئی ہوئی تمنا واپس آئے تو روح منڈی استعمال کیجیے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ بنا ہر طرح کا کام جسمانی و دماغی کرنیکے قابل ہوں تو روح منڈی

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکے حافظہ میں فوراً غیر معمولی تبدیلی ہو تو روح منڈی استعمال کیجیے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو ہمیشہ جوانی کی زندگی قائم رکھنے کی زود اثر دوا دستیاب ہو تو روح منڈی

اگر آپکو تیر بہدف اکسیر اعظم کی تلاش ہے تو تماشہ قدرت دیکھنے کیلئے روح منڈی کی ایک شیشی

منگا کر صبح و شام پاؤ پاؤ بھر دودھ کے ساتھ اسکے دو دو قطرے استعمال کیجیے۔ قیمت فی شیشی

عہ محصولڈاک ۱۲ ار تین شیشیوں کے خریدار سے عہ ار مقرر ہے۔

**طلاء کیمیا**۔ اے پژمردہ دل نوجوانو اگر آپنے اپنی طاقت جسمانی اور اسباب بقاء نسل کو کثرت جماع۔ جلق بچہ بازی وغیرہ میں برباد کر دیا ہے اور جوانی کو تباہ کر چکے ہو اور اولاد جیسی پیاری چیز سے محروم ہو تو میں تمہیں مشورہ دیتا ہوں۔ روح منڈی اور طلاء کیمیا کا استعمال کرو۔ تمہیں فوراً شفا ہوگی۔ قیمت فی شیشی ۱۲ ار طلاء کیمیا اور روح منڈی کی ہر دو شیشی ایک ساتھ خریدنے والوں کو ۲ ار کی رعایت یعنی دونوں کی قیمت عہ محصولڈاک